# حروف مقطعات

قرآن پاک میں 114 سورتیں ہیں ، جن میں سے 29 سورتوں کی شروعات میں مختلف مُفرد حُروف اور کلمات لکھے ہوتے ہیں جیسے کہ الٓمٓ ، یٰسٓ، طٰہٰ، نٓ وغیرہ ، ان کو **حُروفِ مُقَطَّعَات** کہتے ہیں۔ حروف مقطعات کو مقطعات اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ ان حروف کو کاٹ کر الگ الگ حرف کے طور پر پڑھا جاتا ہے۔ جیسے الٓمٓ تو اس کو یوں پڑھا جائے گا الف لَآمْ مِیْمْ جس حرف پر مد ہوتا ہے اس پر مد پڑھا جاتا ہے۔ حروف مقطعات 29 سورتوں کے شروع میں آئے ہیں۔ وہ حروف جو مقطعات کے طور پر قرآن پاک میں استعمال ہوئے ہیں، یہ ہیں : ا ل م ص ر ك ہ ی ع ط س ح ق ن ۔ چار سورتوں کا نام حروف مقطعات سے ہی آیا ہے سورہ طه، سورۃ یٰس، سورہ ص اور سورہ ق۔ حروف مقطعات میں "ا" جہاں بھی آتا ہے اس کے بعد "ل" ضرور آتا ہے۔

حروف مقطعات یہ ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الٓمٓ | الٓمٓصٓ | الٓرٰ | الٓمٓرٰ | كٓهٰيٰعٓصٓ |
| طٰهٰ | طٰسٓمٓ | طٰسٓ | يٰسٓ | صٓ |
| حٰمٓ | حٰمٓ عٓسٓقٓ | قٓ | نٓ | |

حروف مقطعات کا چارٹ حروف اور سورتوں کی تعداد کے حساب سے۔

| | |
|---|---|
| ایک حرفی | تین سورتوں کے شروع میں ہیں۔ نٓ ، قٓ ، صٓ |
| دو حرفی | یہ نو سورتوں کے شروع میں ہیں۔ حٰمٓ ، یٰسٓ ، طٰہٰ ، طٰسٓ |
| تین حرفی | یہ تیرہ سورتوں کے شروع میں ہیں۔ الٓمٓ ، طٰسٓمٓ ، الٓرٰ |
| چار حرفی | یہ دو سورتوں کے شروع میں ہیں۔ الٓمٓرٰ ، الٓمٓصٓ |
| پانچ حرفی | یہ دو سورتوں کے شروع میں ہیں۔ كٓهٰيٰعٓصٓ، حٰمٓ عٓسٓقٓ |

AzanGuru